© rasailojaraid.com



مولانا! ایک بات ذہن میں رکھ لیجئے کہ سب سے بڑا دھوکہ آپ کے متعلق یہ ہو سکتا تھا کہ آپ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ادب کرتے ہیں مگر تحریک ختم نبوت نے اس سلسلے میں آپ کو عریاں کر کے رکھ دیا۔ اور مولانا ابوالبرکات اور عام بریلوی حضرات کی بزدلی نے آپ کا وقار ختم کر دیا ہے۔ عوام اب سمجھنے لگے ہیں کہ آپ حضرات کو صرف لفظ "یا" سے محبت ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات سے نہیں، سنت سے نہیں، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام سب کرتے ہیں البتہ لفظ "یا" سے آپ کو واقعی محبت ہے

ہاں اگر عدالت کے بغیر تسکین نہ ہو سکے تو جناب مجھے عدالت میں چیلنج کیجئے۔ میں انشاءاللہ حاضر ہو جاؤں گا، والسلام۔

---

(بقیہ از صفحہ ۴۵) کا مرکز شہر فزارہ ہے۔ تیسرا فرقہ نصری ہے جو نجف کی زیارت بھی نہیں کرتا۔ مذہب سے بالکل آزاد صرف حضرت علیؓ کی خدائی کا معتقد ہے! (نعوذ باللہ) اگر بغور تحقیق کی جائے تو بابی یا بہائی فرقہ بھی باطنی مذہب کی ہی ایک شاخ معلوم ہوتی ہے

---

بقیہ (از صفحہ ۵۶) دوسری جگہ اس امر کے اعتراف سے گریز کی راہ اختیار کرتا ہے۔ مثلاً "ہمیں منکرینِ حدیث کی بابت تو معلوم نہیں وہ کون لوگ ہیں؟ اور ان کا کیا کہنا ہے" (طلوعِ اسلام نومبر)

دوسری جگہ ارشاد ہوتا ہے "منکرِ حدیث کے لفظی معنی ہیں حدیث کا انکار کرنیوالا۔ ہم پوچھتے ہیں کہ کیا دنیا میں کوئی شخص ایسا بھی ہے جو حدیث کے وجود کا انکار کرے، خود طلوعِ اسلام کے پاس حدیث کی بڑی بڑی ضخیم جلدیں موجود ہیں" (مقام حدیث ص ۳۸۶/۲)

اگر منکر کا یہی مفہوم ہے تو پھر تو سوامی دیانند کو بھی منکرِ قرآن نہیں کہا جا سکتا کیونکہ انکے ہاں بھی قرآن کے بہت سے نسخے ہونگے ورنہ قرآن مجید پر اعتراض کیسے کر سکتا تھا۔ یہ تجاہلِ عارفانہ بھی خوب ہے۔

مذکورہ بالا تفصیلات میں ادارہ طلوعِ اسلام کی عبارتوں میں تضاد و تناقص کے دو نمونے پیش کئے گئے ہیں۔ کیا وہ یہ واضح کر سکے گا کہ اسکے نزدیک انکارِ حدیث کا صحیح مفہوم کیا ہے اگر وہ کسی درجہ میں ایسی احادیث کے قبول کرنے کے لئے تیار ہے جو قرآن کے مطابق ہوں تو اسے واضح کرنا چاہیئے کہ مطابقت قرآن سے اس کا منشا کیا ہے اور اگر وہ کسی حیثیت میں بھی حدیث کو شرعی حجت ماننے کے لئے آمادہ نہیں



© rasailojaraid.com